## دکھی انسانیت کی خدمت کرنے والے کارکنان عوامی انقلاب کیلئے بھی ذہنی وجسمانی طور پر تیار رہیں، الطاف حسین

## خلق خدا کی خدمت بڑی عبادت ہے، انسان کہلانے کا وہی حقدار ہے جو دوسروں کے دکھ اور درد کو اپنا سمجھتا ہے

## غریب عوام کو قدرتی آفت کا نشانہ بنانے والے جاگیرداروں اور وڈیروں کو احتساب کا سامنا کرنا پڑے گا

## سکھر میں ایم کیو ایم خدمت خلق فاؤنڈیشن کے فیلڈ اسپتال میں ذمہ داران سے ٹیلی فون پر بات چیت

لندن۔۔۔29، اگست 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ غریب ومتوسط طبقہ کے عوام کا انقلاب پاکستان کے دروازے پر دستک دے رہا ہے لہٰذا دکھی انسانیت کی خدمت کرنے والے کارکنان عوامی انقلاب کیلئے بھی ذہنی وجسمانی طور پر تیار رہیں۔ یہ بات انہوں نے اتوار کے روز سکھر میں ایم کیو ایم کے فلاحی ادارے ''خدمت خلق فاؤنڈیشن'' کے تحت سیلاب سے متاثرہ خاندانوں کو طبی امداد کی فراہمی کیلئے قائم فیلڈ میڈیکل اسپتال میں رابطہ کمیٹی کے ارکان محمد اشفاق منگی، یوسف شاہوانی، اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے انچارج عمر قریشی، آئی ایس ٹی سی کے اراکین، ایم کیو ایم میڈیکل ایڈ کمیٹی کے ڈاکٹرز، پیرامیڈیکل اسٹاف، شعبہ خواتین کی اراکین، ایم کیو ایم سکھر کی زونل کمیٹی کے ارکان، مقامی ذمہ داران اور کارکنان سے ٹیلی فون پر بات چیت کرتے ہوئے کہی۔ اس موقع پر رابطہ کمیٹی کے ارکان اور دیگر ذمہ داران نے جناب الطاف حسین کو ایم کیو ایم اور خدمت خلق فاؤنڈیشن کی جانب سے متاثرین سیلاب کو فراہم کی جانے والی طبی اور امدادی سرگرمیوں کی تفصیلات سے آگاہ کیا۔ جناب الطاف حسین نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ خلق خدا کی بےلوث خدمت کرنا سب سے بڑی عبادت ہے۔ انسان کہلانے کا وہی حقدار ہے جو دوسروں کے دکھ اور درد کو اپنا سمجھتا ہے اور انہیں حل کرنے کی کوشش کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ آپ اپنا گھر بار اور آرام قربان کرکے پاکستان کی تاریخ کے بدترین سیلاب سے متاثرہ افراد کی خدمت کرنے، انہیں غذائی اجناس مہیا کرنے، علاج ومعالجہ کی سہولیات فراہم کرنے اور سیلاب سے بچاؤ کیلئے پشتے مضبوط کرنے کے سلسلے میں دن رات مصروف ہیں اور اللہ تعالیٰ آپ اور آپکے خاندان کو اس کار خیر کا اجر دے گا۔ انہوں نے کہا کہ غریب ومتوسط طبقہ کے عوام کا انقلاب پاکستان کے دروازے پر دستک دے رہا ہے لہٰذا دکھی انسانیت کی خدمت کرنے والے کارکنان عوامی انقلاب کیلئے بھی ذہنی وجسمانی طور پر تیار رہیں۔ انہوں نے کہا کہ جاگیرداروں اور وڈیروں نے اپنی زمینیں بچانے کیلئے حفاظتی پشتے توڑ کر غریب ہاری کسانوں کو انکے گھر اور عمر بھر کی جمع پونجی سے محروم کردیا۔ غریب ہاری کسان، برسہا برس سے ان جاگیرداروں اور وڈیروں کی زمینوں پر کام کررہے ہیں ہونا تو یہ چاہئے تھا کہ مصیبت کی اس گھڑی میں جاگیردار وڈیرے ان کو اپنی زمینوں پر پناہ دیتے اور مدد کرتے لیکن ان ظالموں نے قدرتی آفت کا رخ غریب عوام کی جانب موڑ دیا جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔ انہوں نے کہا کہ انشاءاللہ وہ وقت ضرور آئے گا جب غریب عوام کو قدرتی آفت کا نشانہ بنانے والے جاگیرداروں اور وڈیروں کو احتساب کا سامنا کرنا پڑے گا۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ قدرتی آفت ایک آزمائش اور اللہ تعالیٰ کی جانب سے امتحان ہے جس پر مصیبت زدہ خاندان صبر کریں اور ایم کیو ایم اپنی بساط کے مطابق مصیبت زدہ بھائیوں کی ہرممکن خدمت کرتی رہے گی۔ جناب الطاف حسین نے دکھی انسانیت کی دن رات خدمت کرنے اور متاثرین سیلاب کو غذائی اجناس اور طبی امداد فراہم کرنے پر ایم کیو ایم کے ایک ایک ذمہ دار اور کارکن کو دل کی گہرائی سے زبردست خراج تحسین پیش کیا۔

## متحدہ قومی موومنٹ کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت سیلاب زدگان کی بھرپور مدد کیلئے امدادی سرگرمیاں تیزی سے جاری ہیں

## اس سلسلے میں کراچی کے مرکزی کیمپ سے سکھر اور ٹھٹھہ کے متاثرین کیلئے امدادی سامان سے بھرے کنٹینرز روانہ

## دبئی کے بزنس مین عزیز احمد نے خدمت خلق فاؤنڈیشن میں دس ہزار لیٹر ٹیٹرا پیک دودھ اور بھاری مالیت کی ادویات عطیہ کیں

کراچی۔۔۔29، اگست 2010ء

ٹھٹھہ اور سکھر میں سیلاب سے متاثرہ عوام کی امداد کیلئے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے صدر دفتر سے ہنگامی بنیادوں پر غذائی اجناس سے لدھا 40 فٹ بڑا کنٹینر اور یک ٹرک روانہ کیا گیا، سکھر اور ٹھٹھہ جانے والے امدادی ٹرک میں خشک غذائی اجناس آٹا، چاول، دالیں، بیسن، شکر، گھی چائے کی پتی، مصالحہ جات، نمک، تیل پر مشتمل راشن پیکیج، پینے کا صاف پانی اور بھاری مالیت کی ادویات بھی شامل ہیں۔ امدادی سامان ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن سید شعیب احمد بخاری، شاہد لطیف، سلیم تاجک اور کیف الوریٰ نے اپنی نگرانی میں سکھر اور ٹھٹھہ کیلئے روانہ کیا۔ دریں اثناء متحدہ قومی موومنٹ کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن میں سیلاب زدگان کی امداد و بحالی کیلئے مخیّر حضرات اور عوام کی جانب سے بھاری مقدار میں امدادی اشیاء غذائی اجناس، ادویات اور نقد عطیات جمع کروائے جارہے ہیں اور اس سلسلے میں دبئی کے معروف بزنس مین عزیز احمد نے گزشتہ روز ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن شعیب احمد بخاری سے ملاقات کی اور اپنی جانب سے دس ہزار لیٹر ٹیٹرا پیک دودھ اور ادویات کے دو ٹرک خدمت خلق فاؤنڈیشن کو عطیہ کیے۔ شعیب احمد بخاری نے ٹیٹرا پیک دودھ اور ادویات عطیہ کرنے پر عزیز احمد کا خدمت خلق فاؤنڈیشن اور قائد تحریک الطاف حسین کی جانب سے شکریہ ادا کیا، اس موقع پر حق پرست رکن قومی اسمبلی شیخ صلاح الدین بھی موجود تھے۔

## رابطہ کمیٹی کے رکن اشفاق منگی اور یوسف شاہوانی کا کشمور اور کندھ کوٹ میں قائم خیمہ بستیوں کا دورہ

## متاثرین سے ملاقات امدادی کاموں کا معائنہ کیا اور متاثرین میں غذائی اجناس تقسیم کیں

کراچی۔۔۔29، اگست 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ارکان اشفاق منگی اور یوسف شاہوانی نے سندھ کے سیلاب سے متاثرہ علاقے کشمور اور کندھ کوٹ میں ایم کیوایم اور خدمت خلق فاؤنڈیشن کی جانب سے قائم کی گئی ڈیڑھ سو خیموں پر مشتمل خیمہ بستی کا ہنگامی دورہ کیا اور متاثرین سے ملاقات کرکے ان کی خیریت دریافت کی اور ان سے مکمل اظہار ہمدردی کیا۔ اس موقع پر اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے انچارج عمر قریشی، زونل کمیٹی کے انچارجز و یونٹ انچارجز سمیت دیگر ذمہ داران بھی ان کے ہمراہ تھے۔ رابطہ کمیٹی کے ارکان نے سیلاب متاثرین میں کھانا، پینے کا صاف پانی اور راشن بھی تقسیم کیا جس میں آٹا، چینی، خشک دودھ، دالیں، چاول، چائے کی پتی، گھی، تیل بسکٹ، ملبوسات اور دیگر روزمرہ کی اشیاء شامل ہیں جبکہ ایم کیوایم کی میڈیکل ایڈ کمیٹی کے جانب سے بستیوں میں متاثرین کو طبّی سہولیات فراہم کی جارہی ہے۔ ڈسٹرکٹ کشمور اور کندھ کوٹ میں ایم کیوایم اور خدمت خلق فاؤنڈیشن کی جانب سے ڈیڑھ سو سے زائد خاندانوں کیلئے خیموں پر مشتمل بستیاں قائم کردی گئی ہیں جس میں مجموعی طور پر دو ہزار افراد رہائش اختیار کیے ہوئے ہیں یہ بستیاں اپنی نوعیت کی واحد بستیاں جہاں متاثرین کو تمام سہولیات فراہم کی جارہی ہیں۔ متاثرین سے گفتگو کرتے ہوئے اراکین رابطہ کمیٹی نے کہا کہ اس وقت کشمور میں نہ صرف خیمہ بستی قائم کی گئی ہے بلکہ اس سے قبل سیلاب زدگان کیلئے امدادی اور میڈیکل کیمپ پہلے ہی کام کررہا ہیں جہاں متاثرین کو مفت علاج کے ساتھ ساتھ ادویات فراہم کی جارہی ہیں۔

## برطانیہ میں ایم کیوایم کے فلاحی ادارے SUN سوسائٹی فورانویل اینڈ نیڈی کی جانب سے
## 9ٹن امدادی سامان کی دوسری کھیپ پاکستان روانہ کردی گئی
## لاکھوں روپے مالیت کی اس امدادی کھیپ میں ادویات، غذائی اجناس، اشیائے خوردونوش اور دیگر امدادی اشیاء شامل ہیں۔
## اس سے قبل SUN کی جانب سے 6ٹن امدادی سامان بھیجا جاچکا ہے

لندن۔۔۔29اگست 2010ء

برطانیہ میں ایم کیوایم کے فلاحی ادارے SUN سوسائٹی فورانویل اینڈ نیڈی کی جانب سے امدادی سامان کی دوسری کھیپ لندن سے پاکستان روانہ کردی گئی۔لاکھوں روپے مالیت کے 9ٹن امدادی سامان میں ادویات، غذائی اجناس، اشیائے خوردونوش اور دیگر امدادی اشیاء شامل ہیں۔اس سے قبل SUN کی جانب سے 6ٹن امدادی سامان بھیجا جاچکا ہے۔سیلاب زدگان کیلئے لندن، برمنگھم، شیفیلڈ اور دیگر شہروں میں ایم کیوایم اور SUN کے کارکنان مخیر حضرات سے رابطے کر کے متاثرین کیلئے امدادی سامان جمع کرنے میں مصروف ہیں۔امدادی سامان کی اس دوسری کھیپ کی روانگی کے موقع پر کارکنان اور رضا کاروں سے گفتگو کرتے ہوئے ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن محمد انور نے کہا کہ ایم کیوایم اور اس کے فلاحی اداروں کے رضا کار سیلاب سے متاثرہ اپنے مصیبت زدہ بھائیوں کی مدد کیلئے ہر ممکن کوشش کرتی رہے گی اور سیلاب زدگان کو تنہا نہیں چھوڑے گی۔ انہوں نے SUN کے رضا کاروں سے کہا کہ آپ لوگ مصیبت میں گھرے اپنے پاکستانی بھائیوں کی مدد کیلئے قائد تحریک الطاف حسین کی اپیل پر جس طرح دن رات محنت کررہے ہیں وہ قابل تحسین ہے اس کا صلہ آپ کو اللہ تعالیٰ ضرور دے گا۔اس موقع پر ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن محمد اشفاق، آرگنائزر ایم کیوایم برطانیہ ڈاکٹر سلیم دانش، جوائنٹ آرگنائزر رفیض احمد اراکین آرگنائزنگ کمیٹی ریحان عباسی اور سہیل خانزادہ بھی موجود تھے۔

## ایم کیوایم کے قائد الطاف حسین کے تاریخی انٹرویو کے فوری بعد انٹرنیشنل سیکریٹریٹ میں مبارکباد کی ٹیلیفون کالز کا تانتا بندھ گیا
## مبارکباد کے ٹیلیفون کراچی سمیت صوبہ سندھ، پنجاب، بلوچستان، خیبر پختونخوا، ہزارے وال، شمالی علاقہ جات،
## آزاد کشمیر، گلگت بلتستان سمیت پورے ملک سے موصول ہوئے
## الطاف حسین کے خیالات عوام کے جذبات کی ترجمانی اور وقت کی آواز ہیں۔عوام کے تاثرات

لندن۔۔۔29،اگست 2010ء

نجی ٹی وی پر ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کے تاریخی انٹرویو نشر ہونے کے فوری بعد انٹرنیشنل سیکریٹریٹ میں مبارکباد کی ٹیلیفون کالز کا تانتا بندھ گیا ۔مبارکباد کے ٹیلیفون کراچی سمیت صوبہ سندھ، پنجاب، بلوچستان، خیبر پختونخوا، ہزارے وال، شمالی علاقہ جات، آزاد کشمیر، گلگت بلتستان سمیت پورے ملک سے موصول ہوئے۔انٹرویو ختم ہوتے ہی ملک بھر سے بڑی تعداد میں ٹیلیفون کالز موصول ہونے کے باعث سیکریٹریٹ کی تمام لائنیں کافی دیر تک مصروف ہوگئیں اور کئی لوگوں کو سیکریٹریٹ کے فون ملنے میں دشواری آئی۔مبارکباد کے ٹیلیفون کالز کرنے والوں میں ایم کیوایم کے کارکنان کے ساتھ ساتھ مختلف سیاسی وسماجی تنظیموں کے کارکنان، صحافی، کالم نگار، دانشور اور عام افراد بھی شامل تھے ۔تمام لوگوں نے ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کے انٹرویو پر زبردست مبارکباد پیش کی اور جناب الطاف حسین کے خیالات کو عوام کے جذبات کی ترجمانی اور وقت کی آواز قرار دیا۔ٹیلیفون کے علاوہ ملک کے مختلف شہروں سے بڑی تعداد میں مبارکباد کے فیکس اور ای میل بھی موصول ہوئیں۔

## ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کا انٹرویو کراچی، حیدرآباد، سکھر، لاڑکانہ، دادو، جیکب آباد، اندرون کے تمام اضلاع سمیت صوبہ خیبر پختون خواہ، صوبہ پنجاب، صوبہ بلوچستان، گلگت بلتستان اور آزادکشمیر کے علاوہ ملک بھر میں دیکھا گیا

## اس سلسلے میں شہر بھر میں شاہراہوں کے اطراف عوام کارش اپنے ہردلعزیز لیڈر کے انٹرویو کو دیکھنے کیلئے مختلف علاقوں میں ملٹی میڈیا اسکرینز لگائی گئی اس دوران چورنگیوں پر رش نظر آیا جبکہ قائد تحریک کی رہائشگاہ نائن زیرو عزیز آباد میں ملٹی میڈیا اسکرین آویزاں کی گئی تھی

## کارکنان وعوام کا مثالی نظم وضبط، فلک شگاف نعروں سے نائن زیرو گونج اٹھا

کراچی۔۔۔29، اگست 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کا ہفتہ کی شب جیو ٹی وی پر نشر ہونے والا انٹرویو کراچی، حیدرآباد، سکھر، حیدرآباد، سکھر، لاڑکانہ، دادو، جیکب آباد اندورن سندھ کے تمام اضلاع سمیت صوبہ خیبر پختون خواہ، صوبہ پنجاب، صوبہ بلوچستان، گلگت بلتستان اور آزادکشمیر کے علاوہ ملک بھر میں دیکھا گیا اس سلسلے میں کراچی میں مختلف شاہراہوں کے اطراف عوام کارش اپنے ہردلعزیز لیڈر کے انٹرویو کو دیکھنے کیلئے جمع ہوگیا اس کے علاوہ مختلف علاقوں میں ملٹی میڈیا اسکرینز بھی لگائی گئی۔ جبکہ قائد تحریک کی رہائشگاہ واقع نائن زیرو عزیز آباد میں ملٹی میڈیا اسکرین آویزاں کی گئی تھی جہاں الطاف حسین کا انٹرویو دیکھنے کے انتظامات کئے گئے تھے۔ اس موقع پر کارکنان وعوام کا مثالی نظم وضبط، فلک شگاف نعروں سے نائن زیرو گونج اٹھا۔ یہ انٹرویو ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان، حق پرست ارکانِ قومی وصوبائی اسمبلی، وزراء مشیران، سینٹرز، نائن زیرو کے مختلف شعبہ جات کے ارکان سمیت علاقائی سیکٹرز و یونٹس کے ذمہ داران وکارکنان، خواتین، بزرگ اور بچوں نے بڑی تعداد میں دیکھا۔ قبل ازیں ایم کیوایم کے روایاتی نظم وضبط کا بہترین مظاہرہ دیکھنے میں آیا جہاں عوام وکارکنان انتہائی نظم وضبط کے ساتھ فرشی نشستوں پر تشریف فرما تھے اور ٹیلی ویژن پر نشر ہونے والے قائد تحریک کے انٹرویو کا انتظار کرتے رہے۔ جیسے ہی جناب الطاف حسین کے انٹرویو کا آغاز ہوا ایم کیوایم کے کارکنان وعوام نے کھڑے ہوکر اورزوردار نعروں اور تالیوں کی گونج میں الطاف حسین کے انٹرویو کا استقبال کیا۔ جبکہ انٹرویو کے دوران مسلسل پر جوش نعروں کا سلسلہ جاری تھا۔ بعدازاں حاضرین نے انتہائی منظّم انداز میں انٹرویو دیکھا۔

## سپریم کورٹ اعجاز بٹ کے خلاف سوموٹو ایکشن لے، حق پرست ارکان قومی اسمبلی

## قومی کرکٹ کی تباہی کی بنیادی وجہ چیئرمین بورڈ اور سلیکشن کمیٹی کو حاصل طاقتور اور بااثر افراد کی سپورٹ ہے

## پاکستان کرکٹ بورڈ کے چیئرمین اعجاز بٹ اور قومی سلیکشن کمیٹی کو فی الفور برطرف کیا جائے

کراچی۔۔۔29، اگست 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے انگلینڈ میں حالیہ کرکٹ اسکینڈل پر سخت الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے پاکستان کرکٹ بورڈ (PCB) کے چیئرمین اعجاز بٹ اور قومی سلیکشن کمیٹی کی فوری برطرفی کا مطالبہ کیا ہے۔ اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ پاکستان کی کرکٹ روز بروز تباہی کی جانب جارہی ہے اور اس تباہی کی بنیادی وجہ چیئرمین بورڈ اور سلیکشن کمیٹی کو حاصل طاقتور اور بااثر افراد کی آشیرباد اور سپورٹ ہے۔ جو نہ صرف خود مال بنارہے ہیں بلکہ بااثر افراد کو بھی کمیشن دے رہے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ پوری قوم کے مطالبے کے باوجود اعجاز بٹ جیسے کرپٹ ترین آدمی کو ابھی تک پاکستان کرکٹ بورڈ کی چیئرمین شپ سے برطرف نہیں کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستانی کرکٹ میں کرپشن اور میرٹ کے قتل کی وجہ سے قومی ٹیم کے کھلاڑی ہی میچ فکسنگ میں بدنام نہیں ہوئے بلکہ دنیا بھر میں ملک وقوم کا نام وقار بری مجروح ہوا ہے۔ ملک وقوم کا نام بدنام کرنے والوں کو نہ صرف ان کے عہدوں سے برطرف کرنا چاہئے بلکہ انہیں اور میچ فکسنگ میں ملوث کھلاڑیوں کے خلاف مقدمات چلا کر عبرتناک سزا دی جانی چاہئے تاکہ آئندہ پاکستان کی ٹیم کا کوئی ذمہ دار یا کھلاڑی کو جعلسازی اور میچ فکسنگ میں ملوث ہوکر پاکستان اور قوم کی رسوائی اور بدنامی کا سبب نہ بن سکے۔ حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے سپریم کورٹ کے چیف جسٹس افتخار محمد چوہدری سے مطالبہ کیا کہ چیئرمین پی سی بی اعجاز بٹ کے خلاف فی الفور سوموٹو ایکشن لے کر ملک وقوم کے تقدس کو بچایا جائے اور ثابت کیا جائے کہ ملک میں قانون آج بھی نہ صرف حرکت میں ہے بلکہ بااثر بھی ہے۔

## ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کا سوگوار کارکنان سے اظہارِ تعزیت

کراچی ۔۔۔29، اگست 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم ملیر سیکٹر یونٹ 100 کے کارکن عادل حفیظ کی والدہ محترمہ سلمیٰ بیگم، لائنز ایریا سیکٹر یونٹ 52 کے کارکن عمران اسلم کی ہمشیرہ زرین اسلم ، لائنز ایریا سیکٹر یونٹ 52 کے کارکن ضیاء الدین جمال کی والدہ محترمہ سکینہ بیگم، ٹنڈو الہیار زون یونٹ A-2 کے کارکن رئیس احمد خانزادہ کے والد کرامت خان، اور ایم کیوایم میر پور خاص زون کے کارکن مرزا نوید مغل اور ٹھٹھہ زون کے زونل ممبر مرزا جمشید مغل کی والدہ محترمہ زرینہ مرزا کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے تمام مرحومین کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوار لواحقین کو یہ صدمہ برداشت کرنے کی ہمت عطا کرے۔ (آمین)

☆☆☆☆☆